© rasailojaraid.com



کَمْ اَبْرَأْتَ وَصِبًا بِاللَّمْسِ رَاحَتُہٗ ! وَاَطْلَقْتَ اَرِبًا مِنْ رِبْقَۃِ اللَّمَمِ

بار بار آپ کے ہاتھ لگانے سے بیمار اچھے ہوگئے، اور بہت سے محتاج رشتہ دیوانگی سے آپ کے دست مبارک کے طفیل رہا ہوگئے

پر عمل شروع کر دیا اور اس کے بعد آپریشن کی تاریخ لینے کے لیے ڈاکٹر کے پاس گیا ڈاکٹر نے کمپیوٹر سے اچھی طرح چیک کیا اور حیران ہو کر کہنے لگا کہ کس چیز کا آپریشن کریں۔ موتیا تو غائب ہو گیا ہے اسی طرح آپریشن سے نجات مل گئی۔ والحمد للہ علیٰ ذلک۔ (مولانا) محمد رمضان شوق فیصل آباد۔

## کچھ لوگ ایسے بھی ہیں

مولانا محمد حکیم صاحب دارالعلوم حقانیہ کے فاضل ہیں، آٹھ سال قبل یہاں سے دورۂ حدیث کر چکے ہیں، دورۂ حدیث کے سالانہ امتحانات میں دارالعلوم کی جانب سے حل سوالات کے لیے دیے جانے والے کاغذات میں سے فل سکیپ کے تین کاغذ اُن کے پاس رہ گئے تھے۔ جو امتحان کے لیے استعمال نہ ہو سکے آٹھ سال بعد اُن کی نظر پڑی تو انہیں دارالعلوم کی امانت سمجھ کر بذریعہ ڈاک حضرت مہتمم صاحب کے نام بھیج دیا اور درج ذیل خط تحریر فرمایا۔

۱۵ محرم الحرام ۱۴۱۴ھ۔ محترم المقام حضرت ناظم صاحب و مدیر الجامعہ۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ! یہ کاغذ تقریباً آٹھ سال قبل امتحانی پرچے سے زائد ہو چکے تھے، غلطی میں بندہ نے ساتھ لیے تھے آج ترسیل ہیں، بے ادبی معاف۔ والسلام

محمد حکیم فارغ التحصیل حقانیہ، حال مدرس مدرسہ تریاب ضلع کوہاٹ

## درس ترمذی شریف

گزشتہ تین شماروں سے دارالعلوم کے مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ کے درس ترمذی شریف کا سلسلۂ اشاعت جاری ہوا تو ملک و بیرون ملک سے قارئین کے خطوط موصول ہو رہے ہیں ہم احباب و مخلصین کی دلچسپی کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں۔ تمام خطوط کی اشاعت تو ممکن نہیں البتہ بعض اکابر اہل علم اور مشائخ کی وقیع تحریروں کے اقتباسات نذر قارئین ہیں۔ (ادارہ)

● حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ کے درس ترمذی سے مجھے بہت خوشی ہوئی ہے جیئے، اکابر کے جانشین اصلی موضوع پر توجہ کرتے ہیں۔ متن ترمذی پر تو محدثین دارالعلوم دیوبند کا محبوب اور ممتاز درس رہا ہے حضرت نانوتویؒ حضرت گنگوہیؒ، حضرت شاہ صاحبؒ، حضرت مدنیؒ نور اللہ قبورہم کا درس ترمذی بہت ہی ناز درس تھا، بتوفیقہ تعالیٰ حقائق السنن ان تمام دروس کی ترجمان ہے۔ مولانا سمیع الحق مدظلہ کے دروس ترمذی اس سلسلہ مقدس کی تکمیل کا ذریعہ بنیں گے۔ اللہ تعالیٰ مولانا کو یہ مسند پوری طرح سنبھالنے کی مزید توفیق عطا فرمائے

● مکتوب ثانی؛ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب دامت برکاتہم کے درس ترمذی شریف کے دو یا تین مطبوعہ درس دیکھ کر کئی وجوہ سے خوشی ہوئی ایک تو اس لیے کہ حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہ کی مسند پر آپ کے

© rasailojaraid.com